**17.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ارجمندعلی خان

**Music**

---------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے عدیس ابابا میں ایتھیوپیا کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی خطۂ جنوب اپنی تقدیر خود طے کر رہا ہے۔

☆ وزیراعظم نے کہا ہے کہ بھارت اور ایتھیوپیا علاقائی امن و سلامتی کے شعبے میں فطری ساجھیدار ہیں اور اُن کیلئے جمہوریت، طرزِ زندگی ہے۔

☆ بھارت کی کایا پلٹ کی خاطر ایٹمی توانائی کو پائیدار انداز سے بروئے کار لانے اور اس کے فروغ سے متعلق بل غوروخوض اور منظوری کیلئے لوک سبھا میں پیش کیا گیا ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے **Venezuela** میں داخل ہونے والے اور وہاں سے باہر جانے والے اُن تیل ٹینکرس پر مکمل ناکہ بندی کا حکم دیا ہے، جن پر پابندی عائد ہے۔

☆ آسکر ایوارڈس کیلئے بہترین بین الاقوامی فیچر فلم کے زمرے کیلئے بھارتی فلم **Homebound** کا انتخاب کیا گیا ہے۔

☆ اور : کرکٹ میں، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چوتھا ٹی ٹوئنٹی میچ آج شام لکھنؤ میں کھیلا جائے گا۔

------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-ETHIOPIA**

وزیراعظم نریندر مودی نے عدیس ابابا میں ایتھیوپیا کی پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی خطۂ جنوب اپنی تقدیر خود طے کر رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کے قومی گیت وندے ماترم اور ایتھیوپیا کے قومی ترانے، دونوں میں اپنی سرزمین کو ماں سے تعبیر کیا گیا ہے۔ یہ گیت اور ترانہ ہمیں وراثت، ثقافت اور خوبصورتی پر فخر کرنے

اور مادرِ وطن کا تحفظ کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔

**PM Byte**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ آب و ہوا کے ساتھ ساتھ جذبے کے لحاظ سے بھی بھارت اور ایتھوپیا میں گرمجوشی پائی جاتی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ تقریباً دو ہزار سال پہلے ہمارے آباو واجداد نے تعلقات اور رابطے قائم کیے۔

**PM Byte**

بحرِ ہند کے راستے تاجروں نے مصالوں اور سونے کے ساتھ سفر کیا اور سامان کی تجارت سے زیادہ انھوں نے نظریات، خیالات اور طرزِ زندگی کا تبادلہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ **Addis** اور **Dholera** صرف تجارتی مراکز نہیں بلکہ دونوں تہذیبوں کے درمیان اہمیت کے حامل پُل ہیں۔**x**

## PM-VISIT OMAN

بھارت اور **Oman** سفارتی تعلقات کے **70** سال مکمل ہونے اور صدیوں پرانے قدیم تعلقات کا جشن منا رہے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی اُردن اور ایتھوپیا کا دورہ مکمل کرنے کے بعد تین ملکوں کے دورے کے آخری مرحلے میں آج شام دو دن کے دورے پر **Oman** کی راجدھانی مسقط پہنچیں گے۔ اُن کے اِس دورے سے مزید ترقی کی خاطر مل کر کام کرنے کیلئے باہمی تعلقات مزید مستحکم ہوسکیں گے۔ دونوں ملکوں نے ہر طرح کی دہشت گردی کی مذمت کی ہے اور اِس لعنت سے نمٹنے کیلئے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرتے رہے ہیں۔ دونوں ملک کلیدی اعتبار سے ایک دوسرے کیلئے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ مسقط میں آکاشوانی کے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے **Oman** میں بھارتی سفیر جی وی سری نواس نے کہا کہ دونوں ملک روا داری رکھنے والے ممالک ہیں اور سبھی مذہبوں کا پورا احترام کرتے ہیں۔

دسمبر **2023** میں **Oman** کے سلطان **Haitham bin Tarik** کے بھارت کے سرکاری دورے کے دوران جاری کیے گئے مشترکہ بیان میں دہشت گردی کی مذمت کرتے ہوئے اِس بات سے اتفاق کیا گیا تھا کہ دہشت گردی کی کسی بھی حرکت کو کسی بھی طرح صحیح نہیں ٹھہرایا جا سکتا۔ دونوں ملکوں نے اِس لعنت سے مقابلہ کرنے کی خاطر اشتراک بڑھانے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا تھا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C Rajesh Bali**

*بھارتی سفیر جی وی سری نواس نے کہا کہ دونوں ملکوں کی فوج کی تینوں شاخوں بری فوج، بحریہ اور فضائیہ کے درمیان اشتراک کا کلیدی عنصر بہت مضبوط ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کے **Oman** کے دورے کے موقع پر باہمی مفاد کے مختلف معاملات پر **Oman** کے سلطان کیساتھ بات چیت ہوگی۔ وہاں پہنچنے پر بھارتی برادری کے لوگ اُن کا خیر مقدم کریں گے۔ جناب مودی کل دونوں ملکوں کے*

کاروباری رہنماؤں کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور گذشتہ کئی برسوں سے وہاں رہنے والے بھارتی برادری
کے لوگوں سے بھی گفتگو کریں گے۔
مسقط سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیئے میں ......

**PRESIDENT VISIT VELLORE**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج تمل ناڈو میں سری پورم Vellore میں Ariyur نارائنی مندر گئیں۔ صدرِ جمہوریہ نے وہاں ایک Meditation Hall کا افتتاح کیا اور Perumal مندر میں پوجا ارچنا کی اور آرتی انجام دی۔ محترمہ دروپدی مرمو نے مندر میں Ganesha اور Sornalakshmi کی پوجا ارچنا بھی کی۔ گنیش جی کی مورتی ایک ہزار 800 کلوگرام چاندی سے بنی ہوئی ہے، جبکہ مندر کا گربھ گریہہ سونے سے سجا ہوا ہے۔

صدرِ جمہوریہ کا روایتی Purna Kumbh سے استقبال کیا گیا۔ اس کے بعد مندر کے احاطے میں درخت لگانے کی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ یہ مندر 100 ایکڑ علاقے میں پھیلا ہوا ہے۔ مندر کے احاطے میں ایک میڈیکل کالج اور اسپتال بھی ہے۔ اِس سے قبل تمل ناڈو کے گورنر آر این روی اور اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نیز ریاستی وزیروں نے اُن کا خیر مقدم کیا۔ صدرِ جمہوریہ آج Tirupati بھی جائیں گی۔x

**LS-NUCLEAR BILL**

لوک سبھا میں بھارت کی یکسر تبدیلی کی خاطر نیوکلیائی توانائی کو مسلسل بروئے کار لانے اور اس سلسلے میں پیش رفت کی خاطر بل-2025 غور وخوض اور منظوری کیلیئے پیش کیا گیا ہے۔ اس بل کا مقصد اہل وطن کی فلاح بہبود کیلیئے نیوکلیائی توانائی پیدا کرنے کی خاطر اُس کا فروغ اور ریڈیشن کو کم کرنا ہے۔ اس بل کا مقصد اُس کے محفوظ اور قابل بھروسہ استعمال کیلیئے ایک متحرک انضباطی طریقہ کار بھی فراہم کرنا ہے۔ اس بل کے تحت ایٹمی توانائی سے متعلق انضباطی بورڈ اور ایٹمی توانائی سے متعلق مشاورتی کونسل کے قیام کی بھی تجویز ہے۔x

**LS-COAL PRODUCTION**

کوئلے کے محکمے کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ پہلی مرتبہ سال 2024-25 میں ملک میں کوئلے کی پیداوار تقریباً ایک ارب ٹن تک پہنچ گئی۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب ریڈی نے کہا کہ بھارت اب کوئلے کی پیداوار اور اِس کی کھپت والا دنیا کا دوسرا سب سے بڑا ملک بن گیا ہے۔ جناب ریڈی نے یہ بھی کہا کہ عالمی سطح پر بھارت میں کوئلے کے پانچویں سب سے بڑے ذخائر ہیں اور ملک کے پاس تقریباً سات

سال کی ضرورت پوری کرنے کیلئے کوئلے کے ذخائر موجود ہیں۔ x

**LS-JYOTIRADITYA SCINDIA**

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے آج کہا ہے کہ بھارت میں کال کی شرح میں 97 فیصد کمی کے ساتھ سب سے زیادہ تعداد میں ٹیلی کام سبسکرائبر ہیں۔ وہ لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران جواب دے رہے تھے۔

**S/B Jyotiraditya Scindia**

پروازوں میں انٹرنیٹ کنکٹی وٹی کے بارے میں وزیر موصوف نے کہا کہ حکومت اس سلسلے میں کام کررہی ہے اور ضابطے وضع کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزارت نے پہلے ہی طریقہ کار کی نشاندہی کرلی ہے۔ بھارت ٹیلی کام 2025 اور مقامی علاقوں میں BSNL نیٹ ورک کے سلسلے میں ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ پانچ برس میں ٹیلی کام میں بھارتی برآمدات میں 72 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔×

**LS-KAVACH SYSTEM**

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارتی ریلویز میں دو ہزار کلومیٹر سے زیادہ کا Kavach نظام قائم کیا گیا ہے۔ مسافروں کی سیفٹی اور ریل گاڑیوں کی آمدروفت بڑھانے کی خاطر خودکار ٹرین حفاظتی نظام Kavach شروع کیا گیا ہے۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ ریلوے کے محکمے نے چار ہزار 154 ریل انجنوں پر ملک میں ہی تیار کیا گیا Kavach ٹرین حفاظتی نظام کامیابی کے ساتھ نصب کیا ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ Kavach نظام کی پیشرفت کی رفتار بہت تیز ہے اور 40 ہزار سے زیادہ تکنیکی ماہرین اور آپریٹرس کو اِس سلسلے میں تربیت دی جا چکی ہے۔x

**TRUMP-VENEZUELA**

امریکی صدر ڈونلڈٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ وینزوئیلا میں داخل ہونے والے اور وہاں سے جانے والے اُن سبھی تیل کے ٹینکروں پر مکمل ناکہ بندی کا حکم دے رہے ہیں، جن پر یہ پابندی عائد ہے۔ Truth سوشل پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ وینزوئیلا کے لیڈر Nicolas Maduro کی سرکار کو ایک غیر ملکی دہشت گردانہ تنظیم قرار دیا ہے اور اس پر امریکی اثاثوں کی چوری کا الزام ہے۔ ان کی یہ رائے زنی وینزوئیلا کے ساحل کے نزدیک امریکہ کی جانب سے ایک تیل ٹینکر کو ضبط کئے جانے سے ایک ہفتے کے بعد سامنے آئی ہے۔×

## DELHI GOVT- GRAP COMPENSATION

دلّی حکومت نے آج اعلان کیا ہے کہ رفتہ رفتہ اقدامات سے متلق منصوبے Grap کے تیسرے مرحلے کے نفاذ کے سبب تعمیرات کا کام کرنے والے جو ورکر متاثر ہوئے تھے، انہیں 10 ہزار روپے کا معاوضہ دیا جائے گا۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دلّی کے محنت وروزگار کے وزیر کپل مشرا نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ اس عرصے کے دوران تعمیراتی سرگرمیاں رُک جانے سے یومیہ مزدور شدید طور پر متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ رقم سبھی اندراج شدہ اور تصدیق شدہ تعمیراتی کام کرنے والے ورکروں کو دی جائے گی۔ دلّی کے وزیر نے اس بات کا بھی اعلان کیا کہ اِس وقت Grap-4 کے نفاذ کے سبب متاثر ہونے والے تعمیراتی ورکروں کو بھی معاوضہ ملے گا۔ اس دوران قومی راجدھانی میں سبھی سرکاری اور نجی کاروباری ادارے اور دفاتر صرف 50 فیصد افرادی قوت کے ساتھ کام کریں گے، جبکہ بقیہ لوگ گھر سے کام کریں گے۔

**S/B Kapil Mishra**

## VB G RAM G BILL

لوک سبھا میں پیش کئے گئے وکست بھارت-روزگار کی گارنٹی اور Ajeevika مشن گرامین بل 2025 میں ہر مالی سال میں دیہی کنبوں کو 125 دنوں کا روزگار فراہم کرنے کی قانونی گارنٹی دینے کی تجویز کی پیش کی گئی ہے۔ یہ بل، کُل دیہی ترقی اور زراعت و کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے پیش کیا۔ بل پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت غریبوں اور گاؤں کی مکمل ترقی کیلئے پُر عزم ہے، جو مہاتما گاندھی کی خود انحصاری اور دیہی برادریوں کی ترقی کے ویژن کے عین مطابق ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ مرکز اس مجوزہ پہل پر 95 ہزار کروڑ روپے کے اخراجات کیلئے پُر عزم ہے۔

منریگا کا حوالہ دیتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ UPA کی سابقہ حکومت نے اس اسکیم پر دو اعشاریہ ایک تین لاکھ کروڑ روپے خرچ کئے، جبکہ موجودہ حکومت نے غریبوں کی فلاح وبہبود کی اس اسکیم پر 8 اعشاریہ پانچ تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ خرچ کئے اور وہ روزگار گارنٹی کو مستحکم کرنے کیلئے کام کررہی ہے۔×

## NAVAL AVIATION

بحری سلامتی کے سلسلے میں ایک اہم تقریب کے تحت بھارتی بحریہ گوا میں INS Hans پر اپنے دوسرے MH-60R Seahawk Helicopter Squadron,INAS 335 کو بحریہ میں شامل کرے گی۔ بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی اس تقریب کی صدارت کریں گے، جو بحریہ کیلئے جدید کاری کو اُجاگر کرتی ہے۔×

**NCB-CONFERENCE**

منشیات کی روک تھام سے متعلق بیورو کے ڈائریکٹر جنرل انوراگ گرگ نے ریاستی منشیات مخالف ٹاسک فورس کے ساتھ تال میل مضبوط کرنے اور خفیہ معلومات مشترک کرنے کے علاوہ منشیات کے استعمال کے خلاف بیداری پیدا کرنے کیلئے میڈیا کی بااثر شخصیات کی نشان دہی کرنے پر زور دیا ہے۔ NCB کی زونل ڈائرکٹروں کی تیسری کانفرنس کے دوران اُن سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ منشیات کے غیرقانونی کاروبار کے نیٹ ورک کو نشانہ بنانا بیورو کی اولین ترجیح ہے۔ یہ کانفرنس کل نئی دلّی میں اختتام پذیر ہوئی۔×

**HOMEBOUND-SHOTLIST**

نیرج گھیوان کی ہدایت میں تیار کی گئی بھارتی فلم Homebound کو 98 ویں اکاڈمی ایوراڈز کیلئے بہترین بین الاقوامی فیچر فلم کے زمرے میں منتخب کیا گیا ہے۔ یہ فلم اُن 15 فلموں میں شامل ہے، جو Oscar 2026 میں بین الاقوامی فیچر فلم کے زمرے میں اہل اور قطعی طور پر نامزد کی گئی۔ 98 ویں اکیڈمی ایوارڈس کی تقریب آئندہ برس 15 مارچ کو ہو گی۔

**CRICKET-IND SA -T20**

مردوں کے کرکٹ میں آج بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان چوتھا ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ لکھنؤ میں بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی ایکانہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام 7 بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم 5 میچوں کی سیریز میں دو-ایک سے سبقت حاصل کیے ہوئے ہے اور حریف ٹیم کے خلاف یہ میچ جیت کر سیریز اپنے نام کرنا چاہے گی۔ 5 واں اور آخری میچ جمعہ کے روز احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆